## 101617 - لڑکی کا رشتہ آیا تو لڑکی نے استخارہ کیا اور خواب دیکھی کہ وہ اور اس کا خاندان جنت میں ہے

**سوال**

میری سابقہ منگیتر نے گزرنے والے رمضان میں استخارہ کیا اور خواب میں دیکھا کہ میں اس کے اور اس کے خاندان کے ساتھ جنت میں ہوں، ہماری منگنی دو برس سے ٹوٹ چکی ہے اور ہم دونوں ہی ایک دوسرے سے شادی کی رغبت رکھتے ہیں.
کیا آپ یہ بتا سکتے ہیں کہ اس سے دوبارہ منگنی کے لیے مجھے کیا کرنا چاہیے، برائے مہربانی اس کے ساتھ ساتھ مجھے اس استخارہ کے بارہ میں بھی بتائیں جو اس نے کیا اور بعد میں اپنے ساتھ مجھے جنت میں دیکھا.

**پسندیدہ جواب**

الحمد للہ.

اول:

اگر تو یہ لڑکی دین اور اخلاق والی ہے تو پھر اس سے دوبارہ منگنی کرنے میں کوئی مانع نہیں، اور پھر منگنی کے بعد عقد نکاح مکمل کر لینے میں کوئی حرج نہیں جب آپ دونوں ایک دوسرے سے نکاح اور شادی کی رغبت بھی رکھتے ہیں.

اللہ سبحانہ و تعالی سے ہماری دعا ہے کہ وہ آپ دونوں کے لیے خیر و بھلائی جہاں بھی اس میں آسانی پیدا فرمائے، اور آپ کی شادی کو سعادت مند اور توفیق والی بنائے.

دوم:

شادی کی رغبت رکھنے والے کے لیے اللہ سبحانہ و تعالی سے استخارہ کرنا مشروع ہے، اور جس لڑکی سے شادی کرنا چاہتا ہے وہ استخارہ میں اس کا نام لے، اور اسی طرح لڑکی بھی استخارہ کرے، اگر تو یہ معاملہ آسانی سے پورا ہو گیا اور اس میں کوئی مشکل اور مانع نہ پیدا ہوا تو یہ اس بات کی دلیل ہے کہ عقد نکاح کرنے میں خیر و بھلائی ہے.

اور اگر اس میں رکاوٹ پیدا ہو گئی تو یہ اس کی دلیل ہے کہ اللہ سبحانہ و تعالی نے اس بندے کو یہ کام پورا اور مکمل کرنے سے دور کر دیا ہے.

اور استخارہ میں خواب پر اعتماد نہیں کیا جاتا جیسا کہ بعض لوگ خیال کرتے ہیں کہ استخارہ کر کے سو جائیں اور خواب میں دکھا دیا جائیگا، ہم استخارہ کی تفصیل اور اس کی کیفیت اور استخارہ کی حدیث کی شرح سوال نمبر ( 11981 ) اور ( 5882 ) کے جوابات میں بیان کر چکے ہیں آپ اس کا مطالعہ کریں، اور ہم یہ بتاتے چلیں کہ ہمیں خواب کی تعبیر کا علم نہیں جسے خوابوں کی تعبیر کا علم ہے اس سے دریافت کریں.

واللہ اعلم .